# مردم شماری اندراج کی تجدید



Estem al **teu** servei!

**Primer** de tot **ets tu**

Ajuntament de L'Hospitalet

## یہ کیا ہے؟

یورپی یونین سے باہر کے غیر ملکی افراد جن کے پاس مستقل یا طویل مدتی رہائشی اجازت نامہ (ENCSARP) نہیں ہے، انہیں میونسپلٹی میں ابتدائی اندراج کے بعد ہر 2 سال بعد مردم شماری اندراج کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہوتی ہے یہ اندراج شہری شناختی دستاویز کی مدت تنسیخ سے علیحدہ ہے۔

مقامی حکومت کے بنیادی قانون کے آرٹیکل 16 کے مطابق، مردم شماری کی تجدید نہ کروانے پر مردم شماری (پادرون مونیسیپال دے ہابیتانتیس) سے اندراج خارج کر دیا جائے گا۔

## کون اندراج کروا سکتا ہے اور طریق عمل کیا ہے؟

قانونی عمر کے تمام افراد جن کے پاس مستقل یا طویل مدتی رہائشی اجازت نامہ نہیں ہے، انہیں ذاتی طور پر مردم شماری (پادرون مونیسیپال دے ہابیتانتیس) میں اندراج کی تجدید کے لیے شہری توجہ کے دفتر میں پیش ہونا چاہیے۔ اس کے علاوہ آپ کے نام پر کوئی بھی دوسرا شخص نوٹری مختار نامہ کے ہمراہ کارروائی داخل دفتر کروا سکتا ہے۔

قانونی عمر سے چھوٹے بچوں کی صورت میں والدین جن کے پاس سرپرستی اور تحویل کے حقوق ہیں یا، اس کی عدم موجودگی میں، وہ شخص جو ان کی قانونی نمائندگی کی تصدیق کرے ان کی جانب سے کارروائی داخل دفتر کر سکتا ہے۔

## کون سی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت ہے؟

مندرجہ ذیل اصل دستاویزات جمع کروانی ہوں گی نہ کہ فوٹو کاپیاں:

- جائز رہائشی اجازت نامہ یا ریزیڈنسی کارڈ یا پاسپورٹ (اس صورت میں کہ دستاویز کی مدت ختم ہو گئی ہو، تنسیخ شدہ دستاویز مع اس کی تجدید کی درخواست جمع کروانی ہو گی)۔
- قانونی عمر سے چھوٹے بچوں کی صورت میں والدین یا قانونی نمائندگان کو بچے کی نمائندگی کی تصدیقی دستاویز جیسے فیملی بک (لبرو دے فامیلیا) جہاں بچے کا اندراج ہو، خاندانی پاسپورٹ یا پیدائشی سرٹیفیکیٹ پیش کرنے کی ضرورت ہو گی۔

## کاغذات کہاں جمع کروانے ہیں؟

- شہریوں کے لیے توجہ کا مرکز (C. Girona, 10)۔
  اوقات: پیر تا جمعہ یوم کار، صبح 8:30 تا دوپہر 2:00 بجے

**مندرجہ ذیل ذرائع میں سے کسی ایک کے ذریعہ پیشگی ملاقات کا وقت حاصل کریں:**

- ویب پتہ www.l-h.cat/citaoac
- ٹیلیفون: 010 (مفت) - 900100277 (L'Hospitalet سے باہر)

آپ کو تمام تفصیلی معلومات یہاں seuelectronica.l-h.cat > Trámites > Población > Padrón Municipal de Habitantes اور شہری توجہ کے مفت ٹیلیفون 010 پر ملیں گی۔

**یاد رکھیں کہ پیشگی ملاقات اور اسی طرح کارروائی کے عمل کے لیے کوئی اخراجات نہیں ہیں۔**

# L'Hola!

Telèfon gratuït
d'atenció ciutadana

010

www.l-h.cat